13179-امتحان کی بنا پر رمضان کا روزہ افطار کرنے کا حکم

سوال

اگر انٹر کا امتحان دینا ہو تو کیا طالب علم کے لئے جائز ہے کہ وہ رمضان کا روزہ نہ رکھے تا کہ امتحان پر توجہ دے سکے ؟

پسندیدہ جواب

مکلف شخص کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ امتحان کی بنا پر رمضان کا روزہ نہ رکھے کیونکہ یہ شرعی عذر نہیں بلکہ اس پر روزہ رکھنا واجب اور ضروری ہے اگر اسے دن کو پڑھنا مشکل ہے تو امتحان کی تیاری رات کو کرے ۔

اور ولی الامر پر بھی یہ ضروری ہے کہ وہ طلبہ کا خیال رکھیں اور ان پر نرمی برتتے ہوئے امتحان کو رمضان کے علاوہ کسی اور مہینہ میں رکھیں جس میں دو مصلحتیں جمع ہو جائیں گی ایک تو روزے کی اور امتحان کے لئے فراغت بھی ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(اے اللہ میری امت میں سے جو کوئی بھی کسی معاملے پر ولی الامر بنایا گیا اور اس نے امت پر نرمی برتی تو تو بھی اس پر نرمی برت اور جو کوئی بھی امت پر کسی معاملے پر ولی الامر بنایا گیا اور اس نے امت پر سختی کی تو تو بھی اس پر سختی کر)

اسے مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے ۔

لھذا امتحان کے مسئولین کو میری وصیت ہے کہ وہ طلبہ اور طالبات پر شفقت کرتے امتحان رمضان میں نہ رکھیں بلکہ اسے رمضان سے پہلے یا بعد میں رکھیں ۔

اور ہم اللہ تعالی سے سب کے سب توفیق کی دعا کرتے ہیں ۔ .